Group B Strep Support

Royal College of Obstetricians & Gynaecologists

اردو/Urdu

حمل اور نومولود بچوں میں
گروپ B سٹریپٹوکوکس (GBS)

Health & care information you can trust

The Information Standard Certified Member

گروپ B سٹریپٹوکوکس (GBS)

حمل میں انفیکشن

یہ معلومات آپ کے لیے ہیں، اگر آپ (یا کوئی دوست یا رشتہ دار) امید سے ہیں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہیں یا آپ کے ہاں حالیہ طور پر بچے کی پیدائش ہوئی ہے۔ یہ آپ کو پیدائش کے پہلے ہفتے کے بعد بچوں میں گروپ B سٹریپٹوکوکس (GBS) انفیکشن (جسے ارلی آن سیٹ GBS کہا جاتا ہے) کے بارے میں بتاتی ہیں اورلیٹ آن سیٹ GBS انفیکشن کے متعلق مزید معلومات کے لنکس فراہم کرتی ہیں۔ اس میں نومولود بچوں میں GBS انفیکشن کو روکنے کے لیے برطانیہ کی موجودہ سفارشات شامل ہیں۔

ان معلومات میں استعمال ہونے والی تمام طبی اصطلاحات کی ایک فرہنگ RCOG کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں:
www.rcog.org.uk/en/patients/medical-terms

RCOG اور GBSS کو نومولود بچوں میں گروپ B سٹریپ انفیکشن سے بچاؤ کو بہتر کرنے کے لیے مل کر کام کرنے پر فخر ہے۔ دونوں تنظیمیں اس بات پر متفق ہیں کہ جب یہ سفارشات مکمل طور پر پورے برطانیہ میں نافذ ہو گئیں، تو نومولود بچوں میں قابل گریز گروپ B سٹریپ انفیکشن کی شرح کم ہو جائے گی۔

کلیدی نقطے

- گروپ B سٹریپٹوکوکس (GBS) ان کئی بیکٹیریا میں سے ایک ہے، جو عام طور پر ہمارے جسم میں رہتے ہیں اور کوئی نقصان نہیں پہنچاتے۔
- برطانیہ میں عام طور پر تمام حاملہ خواتین کو GBS کی جانچ کی پیشکش نہیں کی جاتی۔
- اگر آپ کو GBS لاحق ہو، تو زیادہ تر اوقات آپ کا بچہ بحفاظت پیدا ہو جائے گا اور اس میں انفیکشن پیدا نہیں ہو گی۔ تاہم، کچھ نایاب صورتوں میں یہ شدید انفیکشن کا سبب بن سکتا ہے، مثلاً سیپسس، نمونیا یا سرسام۔
- زیادہ تر ارلی آن سیٹ GBS انفیکشنز سے بچاؤ ممکن ہے۔
- اگر آپ کے موجودہ حمل کے دوران GBS آپ کے پیشاب، فرج یا مقعد (بڑی آنت) میں پایا جائے یا اگر آپ کا سابقہ طور پر کوئی بچہ GBS سے متاثر ہوا ہو، تو آپ کے بچے کو اس انفیکشن کے چھوٹے سے خطرے کو کم کرنے کے لیے آپ کو درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے۔
- آپ کے بچے کے GBS سے بیمار ہونے کا خطرہ اس صورت میں بڑھ جاتا ہے، اگر آپ کا بچہ وقت سے پہلے پیدا ہو جائے، اگر آپ کو درد زہ کے دوران بخار ہو یا اگر درد زہ میں جانے سے پہلے آپ کا پانی ٹوٹ جائے۔
- اگر آپ کے نومولود بچے میں GBS انفیکشن کے آثار پیدا ہو جائیں، تو اس کا اینٹی بائیاٹکس کے ذریعے فورًا علاج کیا جانا چاہیے۔

GBS کیا ہے؟

GBS ایک عام بیکٹیریم (بیماری) ہے، جو برطانیہ میں 10 میں سے 2 - 4 (20 – 40%) خواتین کی فرج اور مقعد میں پایا جاتا ہے۔ GBS جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماری نہیں ہے اور GBS کی حامل زیادہ تر خواتین میں علامات نہیں ہوں گی۔ GBS کی موجودگی آپ کے لیے نقصان دہ نہیں ہے، مگر یہ پیدائش کے وقت آپ کے بچے کو متاثر کر سکتی ہے۔ GBS بعض اوقات نومولود بچوں میں اور بہت کم، حمل کے دوران اور درد زہ سے پہلے شدید انفیکشن پیدا کر سکتا ہے۔

GBS کو کیسے تلاش کیا جاتا ہے؟

بعض اوقات GBS اس وقت حمل کے دوران پا لیا جاتا ہے، جب آپ کی فرج یا مقعد کے نمونوں کی جانچ یا پیشاب کا ٹیسٹ کیا جائے۔

برطانیہ میں، NHS معمول میں تمام حاملہ خواتین کو GBS کی جانچ کی پیشکش نہیں کرتا۔ دستیاب ٹیسٹوں کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، گروپ B سٹریپ سپورٹ (GBSS) ویب سائیٹ ملاحظہ کریں: www.gbss.org.uk/TestingforGBS۔

میرے بچے کے لیے GBS کا کیا مطلب ہو سکتا ہے؟

کئی بچے درد زہ یا پیدائش کے قریب GBS کا سامنا کرتے ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر بچے بیمار نہیں ہوں گے۔ تاہم، اگر آپ میں GBS موجود ہو، تو اس چیز کا ہلکا سا امکان موجود ہے کہ آپ کے بچے میں GBS انفیکشن پیدا ہو گی اور وہ شدید بیمار ہو سکتا ہے یا فوت ہو سکتا ہے۔

برطانیہ اور آئرلینڈ میں تقریبًا 1750 نومولود بچوں میں سے 1 میں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن کی تشخیص کی جاتی ہے۔ نومولود بچوں میں GBS کی وجہ سے پیدا ہونے والی سب سے عام بیماریوں میں سیپسس (خون کی انفیکشن)، نمونیا (پھیپھڑوں کی انفیکشن) اور سرسام (دماغ کے گرد سیال مادے اور سطح کی انفیکشن) شامل ہیں۔

اگرچہ GBS انفیکشن آپ کے بچے کو بہت بیمار کر سکتی ہے، فورًا علاج سے زیادہ تر بچے پوری طرح ٹھیک ہو جائیں گے۔ تاہم، ایسے بچے جو ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن کے شکار ہوتے ہیں، 19 میں سے 1 (5.2%) فوت ہو جائیں گے اور بچ جانے والوں میں سے 14 میں سے 1 (7.4%) میں طویل مدتی معذوری ہو گی۔

برطانیہ میں اوسطًا، ہر مہینے

- 43 بچوں میں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن پیدا ہوتی ہے
- 38 بچے پوری طرح ٹھیک ہو جاتے ہیں
- 3 بچے طویل مدتی جسمانی یا ذہنی معذوریوں کے ساتھ زندہ بچ جاتے ہیں
- 2 بچے اپنی ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن سے فوت ہو جاتے ہیں

میرے بچے کو GBS پیدا ہونے کا خطرہ کیسے بڑھتا ہے؟

اس صورت میں انفیکشن ہونے کے زیادہ امکانات ہیں، اگر:

- آپ کا بچہ وقت سے پہلے پیدا ہو جائے (حمل کے 37 ہفتے مکمل ہونے سے پہلے) – آپ کا بچہ جتنی جلدی پیدا ہوتا ہے، اتنا ہی زیادہ خطرہ ہوتا ہے
- آپ کا کوئی بچہ سابقہ طور پر GBS انفیکشن سے متاثر ہو چکا ہو
- درد زہ کے دوران آپ کو تیز بخار یا انفیکشن کی دیگر علامات لاحق ہوئی ہوں
- اس حمل کے دوران آپ کا GBS کے لئے پیشاب یا سویب کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو
- آپ کے بچے کی پیدائش سے 24 گھنٹے سے زیادہ وقت سے پہلے آپ کا پانی ٹوٹا ہو

میرے بچے کو خطرہ کیسے کم ہو سکتا ہے؟

- GBS کی وجہ سے پیدا ہونے والی ایک پیشاب کی انفیکشن کا فوراً اینٹی بائیاٹک گولیوں کے ذریعے علاج کیا جانا چاہیے اور آپ کو درد زہ کے دوران ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے۔
- اگر آپ کا NHS یا دیگر کسی سند یافتہ لیبارٹری سے GBS سویب یا پیشاب کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو (مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: www.gbss.org.uk/TestingforGBS)، تو آپ کو درد زہ کے دوران ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے۔
- اگر آپ کا سابقہ طور پر بچہ ہوا ہو، جس میں GBS انفیکشن کی تشخیص ہوئی ہو، تو آپ کو درد زہ کے دوران ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے۔
- اگر آپ کا پانی آپ کے حمل کے 37 ہفتوں کے بعد ٹوٹ جائے اور آپ میں GBS کی موجودگی زیر علم ہو، تو آپ کو فوراً درد زہ شروع کروانے کی پیشکش کی جائے گی۔ یہ آپ کے بچے کو پیدائش سے پہلے GBS سے سامنا ہونے کا وقت کم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ آپ کو ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے۔
- بےشک اگر آپ میں GBS کی موجودگی زیر علم نہ ہو، تو اگر آپ میں درد زہ کے دوران انفیکشن کی علامات سامنے آئیں، تو آپ کو ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی، جو مختلف اقسام کی انفیکشنز، بشمول GBS، کا علاج کریں گی۔
- اگر آپ کا درد زہ آپ کے حمل کے 37 ہفتوں سے پہلے شروع ہو جاتا ہے، تو آپ کا نگہداشت صحت کا فراہم کنندہ سفارش کرے گا کہ آپ کو اینٹی بائیاٹکس لگائی جائیں، بےشک اگر آپ میں GBS کی موجودگی زیر علم نہ رہی ہو۔

اس حوالے سے میرے انتخابات کیا ہیں کہ میرا بچہ کہاں پیدا ہو سکتا ہے؟

آپ کو حمل کے دوران اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے پیدائش کی مجوزہ جگہ کے بارے میں بات کرنی چاہیے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کو درد زہ کے دوران ضروری اینٹی بائیاٹکس موصول ہو سکیں۔ اگر آپ اینٹی بائیاٹکس لینے کا فیصلہ کرتی ہیں، تو یہ ایک ڈرپ کے ذریعے دی جائیں گی اور اس کا ہمیشہ گھر پر یا کسی دائیہ والی یونٹس میں انتظام شاید ممکن نہ ہو۔

آپ جیسی ہی درد زہ میں جاتی ہیں یا آپ کا پانی ٹوٹتا ہے، اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں، کیونکہ یہ اہم ہے کہ آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو، اینٹی بائیاٹکس مل سکیں۔ آپ کو ہمیشہ اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو بتانا چاہیے، اگر آپ کا سابقہ طور پر ایسا بچہ ہوا ہو، جس کو GBS انفیکشن لاحق ہوئی ہو یا اگر اس حمل کے دوران آپ کا GBS کا ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔

اگر GBS پایا جائے، تو مجھے کب اینٹی بائیاٹکس لینی چاہیں؟

اگر آپ کی فرج یا مقعد میں GBS پایا جائے، تو آپ کے درد زہ کے شروع ہونے سے پہلے اینٹی بائیاٹکس کے ذریعے آپ کے علاج سے آپ کے بچے میں GBS انفیکشن پیدا ہونے کے امکانات کم نہیں ہوتے۔ آپ کو درد زہ شروع ہونے سے پہلے اینٹی بائیاٹک علاج کی ضرورت نہیں ہوتی، جو شروع ہونے پر آپ کے بچے کو انفیکشن کے امکانات کو کم کرنے کے لیے ایک ڈرپ کے ذریعے آپ کو اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی۔ یہ اینٹی بائیاٹکس آپ کے بچے کی زندگی کے پہلے ہفتے میں GBS انفیکشن پیدا ہونے کے امکانات کو 400 میں 1 سے کم کر کے 4000 میں سے 1 کر دیتا ہے۔

اگر آپ کے پیشاب میں GBS پایا جاتا ہے، تو آپ کو اپنی یورینری ٹریکٹ انفیکشن کے علاج کے لیے تشخیص کے ساتھ ہی اینٹی بائیاٹکس لینی ہوں گی؛ آپ کو درد زہ کے دوران بھی ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی، تاکہ آپ کے بچے میں یورینری ٹریکٹ انفیکشن کو روکا جا سکے۔

دیگر ایسے حالات بھی ہوتے ہیں، جن میں آپ کو اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی، مگر یہ GBS انفیکشن سے خاص طور پر تعلق نہیں رکھتے:

اگر آپ کا پانی وقت سے پہلے (37 ہفتوں سے پہلے) ٹوٹ جائے اور آپ درد زہ میں نہ ہوں، تو آپ کو اینٹی بائیاٹکس کے ایک کورس کی پیشکش کی جا سکتی ہے۔ نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ کیئر ایکسیلنس (NICE) کی قبل از وقت درد زہ اور پیدائش کے حوالے سے رہنمائی NG25 *ملاحظہ کریں:* www.nice.org.uk/guidance/ng25/ifp/chapter/If-your-waters-break-early

- اگر آپ کا منصوبہ بندی کے تحت سیزیرین ہو رہا ہو اور آپ GBS کی حامل ہوں، تو آپ کو اپنے بچے میں GBS انفیکشن کو روکنے کے لیے اینٹی بائیاٹکس کی ضرورت نہیں ہوتی، ماسوائے یہ کہ آپ کا درد زہ شروع ہو چکا ہو یا آپ کا پانی ٹوٹ چکا ہو۔ سیزیرین سیکشن کروانے والی تمام خواتین کو آپریشن کے وقت پر مختلف اقسام کی انفیکشنز سے بچنے کے لیے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی۔

اگر مجھے سابقہ حمل میں GBS کا سامنا ہوا ہو، تو کیا مجھے درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس دی جانی چاہیں؟

- اگر آپ کا کوئی سابقہ بچہ GBS انفیکشن سے متاثر ہوا ہو، تو آپ کو اگلے ہر حمل میں اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جانی چاہیے، کیونکہ اس بات کا زیادہ امکان ہوتا ہے کہ مستقبل کا بچہ بھی متاثر ہو گا۔
- تاہم، اگر کسی سابقہ حمل میں GBS پایا گیا تھا اور آپ کا بچہ متاثر نہیں ہوا، تو اس بات کا 2 میں سے 1 (50%) امکان ہے کہ اس حمل میں یہ آپ میں دوبارہ موجود ہو۔ آپ کو اس بات کا فیصلہ کرنے کہ آیا آپ دردہ زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس لینا چاہیں گی، آپ یہ دیکھنے کے لیے حمل کے 35-37 ہفتوں کے بعد ایک مخصوص سویب ٹیسٹ (جسے انرِچڈ کلچر میڈیم یا ECM ٹیسٹ کہا جاتا ہے) کروا سکتی ہیں، کہ آیا آپ میں GBS موجود ہے۔ اگر نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ:
    - آپ میں حمل کے اس مرحلے پر بھی GBS موجود ہے، تو آپ کے بچے میں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن پیدا ہونے کا خطرہ بڑھ کر 400 میں 1 ہو جاتا ہے اور آپ کو درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی جائے گی۔
    - آپ میں حمل کے اس حصے میں GBS موجود نہیں ہے، تو آپ کے بچے میں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن پیدا ہونے کا خطرہ بہت کم (5000 میں 1) ہوتا ہے اور آپ اینٹی بائیاٹکس استعمال نہ کرنے کا انتخاب کر سکتی ہیں۔

درد زہ کے دوران میرے علاج میں کیا شامل ہو گا؟

اگر آپ کو اپنے بچے کو GBS انفیکشن سے بچانے کے لیے اینٹی بائیاٹکس کی پیشکش کی گئی ہے، تو انہیں درد زہ شروع ہونے یا آپ کا پانی ٹوٹنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو سکے، شروع کر دیا جانا چاہیے۔ یہ ایک ڈرپ کے ذریعے اور آپ کے بچے کی پیدائش تک باقاعدہ وقفوں (عموماً 4 گھنٹے) سے دی جائیں گی۔

آپ کو درد زہ کے دوران آسانی سے حرکت کرنے کے قابل ہونا چاہیے اور اسے آپ کو پانی میں پیدائش دینے سے نہیں روکنا چاہیے۔

اگر آپ کا پانی درد زہ سے پہلے ٹوٹ جائے، تو آپ کا نگہداشت صحت کا فراہم کنندہ آپ سے اس حوالے سے بات کرے گا کہ آپ کو کب اینٹی بائیاٹکس کی ضرورت پڑے گی اور یہ کہ آپ کے بچے کی پیدائش کے لیے بہترین وقت کیا ہے۔ اس کا انحصار آپ کے انفرادی حالات پر ہو گا اور یہ کہ آپ کتنے ہفتوں سے حامل ہیں۔

آپ کے بچے میں GBS انفیکشن سے بچنے کے لیے آپ کو پیشکش کی جانے والی اینٹی بائیاٹک عام طور پر پینسیلین ہوتی ہے۔ اگر آپ کو پینسیلین سے الرجی ہو، تو آپ کو ایک مناسب متبادل کی پیشکش کی جائے گی۔

کیا درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس کوئی نقصان پہنچا سکتی ہیں؟

کچھ خواتین کو عارضی ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، مثلاً بیمار ہونا یا اسہال ہونا۔ خواتین کو مخصوص اینٹی بائیاٹکس سے الرجی ہو سکتی ہے اور کچھ نایاب صورتوں میں، اس کا ردعمل شدید اور زندگی کے لیے خطرناک (اینافلیکسز) ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ہو کہ آپ کو پینسیلین یا کسی دوسری دوا سے الرجی ہے، تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

آپ کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو آپ کے بچے میں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن روکنے کے لیے درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس لینے کے فوائد اور خطرات کے بارے میں آپ کے ساتھ بات کرنی چاہیے۔

اگر آپ درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس نہ لینے کا فیصلہ کریں، تو آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد 12 گھنٹے تک دھیان سے نگرانی کی جائے گی، کیونکہ انہیں ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن پیدا ہونے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

پیدائش کے بعد میرے بچے کی نگرانی کیسے کی جائے گی؟

اگر آپ کا بچہ پورے وقت میں (37 مکمل ہفتوں کے بعد) پیدا ہوتا ہے اور آپ کو پیدائش دینے سے کم از کم 4 گھنٹے پہلے ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس موصول ہوتی ہیں، تو آپ کے بچے کو پیدائش کے بعد خصوصی نگرانی کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر آپ کے بچے کو GBS انفیکشن کے زیادہ خطرے پر سمجھا جائے اور آپ کو پیدائش دینے سے کم از کم 4 گھنٹے پہلے ایک ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس نہ ملی ہوں، تو آپ کے بچے کو کم از کم 12 گھنٹے کے لیے انفیکشن کے آثار کے لیے غور سے زیر نگرانی رکھا جائے گا۔ اس میں آپ کے بچے کی عمومی بہبود، دل کی رفتار، درجہ حرارت، سانس اور خوراک لینے کا جائزہ شامل ہو گا۔

اگر آپ کا کوئی بچہ سابقہ طور پر GBS انفیکشن سے متاثر ہوا ہو، تو آپ کے بچے کی 12 گھنٹے تک نگرانی کی جائے گی، بےشک اگر آپ کو درد زہ میں ڈرپ کے ذریعے اینٹی بائیاٹکس دی گئی ہوں۔

آپ کے بچے میں 12 گھنٹے کے بعد GBS انفیکشن پیدا ہونے کا امکان بہت کم ہے اور اس وقت کے بعد نہ آپ کو اور نہ ہی بچے کو اینٹی بائیاٹکس کی ضرورت ہو گی، ماسوائے یہ کہ آپ یا آپ کا بچہ بیمار ہو جائیں۔

میرے بچے میں GBS انفیکشن کی علامات کیا ہیں؟

GBS انفیکشن کے شکار ہونے والے زیادہ تر بچے زندگی کے پہلے ہفتے، عمومًا پیدائش کے 12-24 گھنٹوں میں، بیمار ہوتے ہیں (جسے ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن کہا جاتا ہے)۔ اگرچہ یہ کم عمومی ہے، لیٹ آن سیٹ GBS انفیکشن آپ کے بچے کو تین ماہ کی عمر تک متاثر کر سکتی ہے۔ درد زہ کے دوران اینٹی بائیاٹکس لینے سے لیٹ آن سیٹ GBS کو نہیں روکا جا سکتا۔ لیٹ آن سیٹ GBS انفیکشن کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں:
www.gbss.org.uk/infection۔

ارلی آن سیٹ GBS انفیکشن کے شکار بچوں میں درج ذیل آثار ظاہر ہو سکتے ہیں:

- غرانا، شور والی سانس، آوازیں نکالنا، جب آپ ان کی چھاتی یا پیٹ کو دیکھیں، تو مشکل سے سانس لیتے نظر آنا یا بالکل بھی سانس نہ لینا
- بہت زیادہ نیند میں اور/یا غیر جوابدہ محسوس ہونا
- رونے سے چپ نہ ہونا
- غیر معمولی طور پر لچکدار ہونا
- اچھی طرح خوراک نہ لینا یا دودھ کو نہ نگلنا
- تیز بخار یا درجہ حرارت کم ہونا اور/یا ان کی جِلد بہت گرم یا ٹھنڈی محسوس ہونا
- ان کی جلد کے رنگ میں تبدیلیاں ہونا (بشمول داغ دار ہونا)
- غیر معمولی طور پر تیز یا آہستہ دل کی دھڑکن یا سانس کی شرح
- بلڈ پریشر کم ہونا*
- خون میں شوگر کم ہونا*

* ہسپتال میں کیے جانے والے ٹیسٹوں کے ذریعے تشخیص کی جاتی ہے

اگر آپ کو ان میں سے کوئی علامت نظر آئے یا اپنے بچے کے متعلق پریشان ہوں، تو آپ کو فورًا اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کرنا چاہیے اور ساتھ ہی GBS کا ذکر کریں۔ اگر آپ کے بچے کو GBS انفیکشن ہو، تو جلد تشخیص اور علاج ضروری ہیں، کیونکہ تاخیر بہت سنجیدہ یا یہاں تک کہ جان لیوا ہو سکتی ہے۔

میرے بچے کے لیے کیا ٹیسٹ اور علاج دستیاب ہیں؟

اگر یہ سمجھا جائے کہ آپ کے نومولود بچے کو انفیکشن ہے، تو یہ دیکھنے کے لیے ٹیسٹ کیے جائیں گے کہ آیا GBS اس کی وجہ ہے۔ اس میں آپ کے بچے کے خون کا نمونہ یا آپ کے بچے کی ریڑھ کی ہڈی کے گرد سیال کا نمونہ (اک لمبر پنکچر) لینا شامل ہو سکتا ہے۔ ٹیسٹ کیے جانے سے پہلے آپ کے ساتھ ان کے بارے میں پوری طرح بات کی جائے گی۔

GBS انفیکشن کے حامل بچوں یا ایسے بچوں، جن میں انفیکشن کا شک ہو، کا جتنی جلدی ممکن ہو سکے، اینٹی بائیاٹکس کے ذریعے علاج کیا جانا چاہیے۔ مشتبہ انفیکشن کے حامل بچوں کو دیے جانے پر اینٹی بائیاٹکس جان بچانے والی ہو سکتی ہیں۔ اگر کم ازکم 36 گھنٹے کے بعد انفیکشن کی کوئی بھی علامات نہ ہوں اور تمام ٹیسٹ منفی ہوں، تو علاج روک دیا جائے گا۔

کیا میں پھر بھی چھاتی کا دودھ پلا سکتی ہوں؟

اپنے نئے بچے کو چھاتی کا دودھ پلانا محفوظ ہے۔ چھاتی کا دودھ پلانے سے GBS انفیکشن بڑھنے کا خطرہ نہیں ظاہر ہوا ہے اور یہ آپ اور آپ کے بچے، دونوں، کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔

برطانیہ میں تمام خواتین کا حمل کے دوران GBS کا ٹیسٹ کیوں نہیں کیا جاتا؟

یوکے نیشنل سکریننگ کمیٹی تمام حاملہ خواتین کے فرج اور مقعد کے سویبز کے ذریعے GBS کی موجودگی کے لیے ٹیسٹ کی سفارش نہیں کرتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ:

- کئی خواتین میں GBS بیکٹیریا موجود ہوتا ہے اور زیادہ تر صورتوں میں ان کے بچے بحفاظت پیدا ہو جاتے ہیں اور ان میں انفیکشن پیدا نہیں ہوتی۔
- حمل کے آخری مراحل میں تمام خواتین کی جانچ سے درست طور پر اس چیز کی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی کہ کن بچوں میں GBS انفیکشن پیدا ہو گی۔
- کوئی بھی سکریننگ ٹیسٹ پوری طرح ٹھیک نہیں: ایک منفی سویب ٹیسٹ اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ آپ میں GBS موجود نہیں۔
- GBS انفیکشن سے متاثر ہونے والے کئی بچے قبل از وقت، سکریننگ کے لیے مجوزہ وقت (35-37 ہفتے) سے پہلے، پیدا ہوتے ہیں
- GBS کی حامل تمام خواتین کو اینٹی بائیاٹکس دینے کا مطلب ہے کہ خواتین کی ایک بہت بڑی تعداد کو علاج موصول ہو گا، جنہیں اس کی ضرورت ہی نہیں۔

مزید معلومات

گروپ B سٹریپ سپورٹ (GBSS): www.gbss.org.uk

RCOG گرین ٹاپ گائیڈ لائین نمبر 36، *پریوینشن آف ارلی آن سیٹ نیو نیٹل گروپ B سٹریپٹوکوکل ڈیزیز:*
www.rcog.org.uk/en/guidelines-research-services/guidelines/gtg36/

NICE کلینیکل گائیڈ لائین CG190، *انٹراپارٹم کیئر فار ہیلدی ومن اینڈ بیبیز:*
www.nice.org.uk/guidance/cg190

NICE کلینیکل گائیڈ لائین CG149، *نیو نیٹل انفیکشن (ارلی آن سیٹ): اینٹی بائیاٹکس فار پریوینشن اینڈ ٹریٹمنٹ:* www.nice.org.uk/guidance/CG149

یوکے نیشنل سکریننگ کمیٹی، حمل میں GBS سکریننگ کے حوالے سے تجویز:
https://legacyscreening.phe.org.uk/groupbstreptococcus

مفید تنظیموں (بشمول مندرجہ بالا) کی ایک مکمل فہرست RCOG کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہے: www.rcog.org.uk/en/patients/other-sources-of-help

فیصلہ کرنا

مشترکہ فیصلہ سازی

اگر آپ سے فیصلہ کرنے کا کہا جائے، تو آپ کے پاس کئی سوالات ہو سکتے ہیں، جو آپ پوچھنا چاہیں گے۔ آپ اپنے خاندان یا دوستوں کے ساتھ بھی اپنے انتخابات کے بارے میں بات کرنا چاہیں گے۔ اپنے سوالات کی ایک فہرست بنانا اور اپنی اپوائنٹمنٹ پر لے جانا آپ کے لیے مفید ہو سکتا ہے۔

3 سوالات پوچھیں

شروع کرنے کے لیے، اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کریں کہ اگر آپ سے اپنی نگہداشت صحت کے بارے میں فیصلہ کرنے کا کہا جائے، تو تین کلیدی سوالات پوچھیں۔

1. میرے انتخابات کیا ہیں؟
2. میرے لیے ہر انتخاب کے فوائد اور نقصانات کیا ہیں؟
3. مجھے اپنے لیے درست فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے معاونت کہاں سے مل سکتی ہے؟

* 3 سوالات پوچھیں شیفرڈ ایچ ایل اور ساتھیوں کے تھری کوئیسچنز دیٹ پیشنٹس کین آسک ٹو امپروو دی کوالٹی آف انفارمیشن فزیشنز گِو اباؤٹ ٹریٹمنٹ آپشنز: اے کراس اوور ٹرائل پر مبنی ہے۔ پیشنٹ ایجوکیشن اینڈ کاؤنسلنگ، 2011;84: 379-85

AQuA Advancing Quality Alliance — Right Care Shared Decision Making Programme — NHS

https://www.aquanw.nhs.uk/SDM

Group B Strep Support

گروپ B سٹریپ سپورٹ ایک برطانوی خیراتی ادارہ ہے، جو بچوں میں گروپ B سٹریپ (GBS) انفیکشن روکنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ ہم:

- عوام میں گروپ B سٹریپ کے متعلق آگاہی بڑھاتے ہیں اور متاثرہ خاندانوں کی مدد کرتے ہیں
- طبی ماہرین کو بچوں میں GBS انفیکشن سے بچاؤ، تشخیص اور علاج کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں
- برطانیہ میں بچاؤ کی حکمت عملیوں کو بہتر کرنے کے لیے مہم بازی کرتے ہیں
- بچوں میں GBS انفیکشن کو روکنے کے متعلق تحقیق کی معاونت کرتے ہیں

ایک باوقار میڈیکل ایڈوائزری پینل کی معاونت کے ساتھ، GBSS گروپ B سٹریپ سے متاثرہ امید رکھنے والے اور نئے والدین کے لیے اور پورے برطانیہ میں NHS کے طبی ماہرین کو معلومات کے مفت وسائل فراہم کرتی ہے۔

www.gbss.org.uk

رجسٹر شدہ خیراتی ادارہ: 1112065

Royal College of Obstetricians & Gynaecologists

RCOG کلینیکل پریکٹس کے لیے معیارات قائم کر کے، ڈاکٹرز کو تربیت اور پوری زندگی کی تعلیم فراہم کر کے اور پوری دنیا میں خواتین کی نگہداشت صحت کے لیے وکالت کر کے ہر جگہ خواتین کی نگہداشت صحت کو بہتر کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ ہم:

- خواتین کے لیے معالجاتی ہدایات اور معلومات بناتے ہیں
- خواتین کی صحت میں مہارت رکھنے والے ڈاکٹرز کے لیے تعلیم، تربیت اور پوری زندگی سیکھنے میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔
- خواتین کی نگہداشت صحت کو بہتر کرنے کے لیے تحقیق، آڈٹ اور معیار کی بہتری کرتے ہیں
- خواتین کی نگہداشت صحت میں پالیسی کی تشکیل میں معاونت فراہم کرنے کے لیے شراکت داروں کے ساتھ کام کرتے ہیں

www.rcog.org.uk

رجسٹر شدہ خیراتی ادارہ: 213280

ذرائع اور تشکرات

یہ معلومات RCOG پیشنٹ انفارمیشن کمیٹی کی جانب سے گروپ B سٹریپ سپورٹ (GBSS) کے ساتھ اشتراک میں تیار کی گئی ہیں۔ یہ RCOG گرین-ٹاپ گائیڈ لائین نمبر 36، *پریوینشن آف ارلی آن سیٹ نیو نیٹل گروپ B سٹریپٹوکوکل ڈیزیز* پر مبنی ہیں، جو ستمبر 2017 میں شائع ہوئی تھیں۔ اس گائیڈ لائن میں استعمال کیے جانے ثبوتوں کے ذرائع کی مکمل فہرست موجود ہے۔ آپ اسے یہاں آن لائن پا سکتے ہیں: www.rcog.org.uk/en/guidelines-research-services/guidelines/gtg36۔

اشاعت سے پہلے، ان معلومات کی RCOG ومنز نیٹ ورک کے ریکس ہیم اور لندن میں کلینکس میں آنے والی خواتین، RCOG ومنز وائسز انوالومنٹ پینل، اور گروپ B سٹریپ سپورٹ اور ان کے نیٹ ورکس کی جانب سے نظرثانی کی گئی ہے۔

مزید معلومات اور اس کتابچے کی اضافی نقول کے لیے GBSS میں ہمارے ساتھ رابطہ کریں۔

0330 120 0796

info@gbss.org.uk

برطانیہ میں گروپ B سٹریپ سپورٹ کی جانب سے پرنٹ اور تقسیم کردہ۔ تمام مواد GBSS اور RCOG کی جانب سے خودمختار طور پر تیار کیا گیا ہے۔

دسمبر 2017 میں شائع کردہ (اگلی نظرثانی کی تاریخ: 2020)